بلوچستان کا مقبول روزنامہ

Daily SABA-QTA

روزنامہ صباء کوئٹہ

ایڈیٹر غضنفر علی

Phone: 081-2830288
Email: saba6097595@gmail.com

ABC CERTIFIED

جلد نمبر 22 | منگل 07 جولائی 2026ء | 21 محرم الحرام 1448ھ | قیمت 8 روپے | شمارہ نمبر 127

ہنہ اوڑک میں دہشتگردوں اور ان کے سہولت کاروں کیخلاف فوری طور پر سینیٹائزیشن آپریشن شروع کیا جائیگا

سرفراز بگٹی

ریاست کی رٹ پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اجلاس میں شورش زدہ علاقے میں امن وامان کو مزید مؤثر بنانے کے لیے جوائنٹ چیک پوسٹ کو فوری فعال کرنے کا بھی فیصلہ کیا گیا جہاں تمام مغلقہ قانون نافذ کرنے والے ادارے مشترکہ طور پر اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں انجام دیں گے

متاثرہ خاندانوں کی فوری داد رسی ممکن بنائی جائے گی اجلاس میں پرامن احتجاج کرنے والے شہریوں کے تحفظات کا بھی جائزہ لیا گیا۔ پرامن احتجاج ہر شہری کا آئینی اور جمہوری حق ہے اور حکومت سٹاہرین کے جائز مطالبات اور تحفظات کے حل کے لیے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت سوبے میں امن و امان، بالخصوص بلند ٹرک اور گرد وخواج کی میر جمال کا جائزہ لینے کے لیے ایک اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو، متعلقہ وزراء، ...

بقیہ 1 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کوئٹہ میں امن وامان سے متعلق ایک اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاکستان پیپلز پارٹی بلا رنگ ونسل عوام کی خدمت پر یقین رکھتی ہے، عبید اللہ گورگیج

کوئٹہ (ع ف ن) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما اور کن ...

بقیہ 3 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

وزیر اعلیٰ گلگت بلتستان امجد حسین ایڈووکیٹ نے حلف اٹھا لیا

7 جون کو گلگت بلتستان میں پیپلز پارٹی بڑی پارٹی بن کر ابھری ہے، تقریب سے خطاب کیا۔ چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری بھی حلف ...

گلگت (این این آئی) نومنتخب وزیر اعلیٰ گلگت بلتستان امجد حسین ایڈووکیٹ نے اپنے عہدے کا حلف اٹھا ...

بقیہ 2 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

شہر نما شریف

پروٹیکٹریٹ آف امیگریشنز کے تمام تر نظام کو ڈیجیٹائز کیا جائے

بیرون ملک پاکستانی سفارتخانے پاکستانی افرادی قوت کیلئے روزگار کے مواقع کی تلاش میں تیزی لے کر آئیں، وزیر اعظم

افرادی قوت بالخصوص نوجوانوں کو وزارت برائے سمندر پار مقیم پاکستانی، نیو ویک اور یوتھ پروگرام ہنر اور مختلف زبانوں کے کورسز بھرنے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) اوورسیز اور سمندر پار مقیم پاکستانیوں کی فلاح و بہبود کے لیے ایک جامع اور مربوط نظام کو ڈیجیٹائز کیا جائے، وزیر اعظم شہباز شریف نے ہدایت کی ہے کہ بیرون ملک پاکستانی افرادی قوت کیلئے روزگار کے مواقع تلاش کرنے میں تیزی لے کر آئیں، پروٹیکٹریٹ آف امیگریشنز کے تمام تر نظام کو ڈیجیٹائز کیا جائے، نیو ویک اور یوتھ پروگرام ہنر اور مختلف زبانوں کے کورسز بھرنے کی ہدایت کی ہے، سرٹیفکیٹس ...

بقیہ 4 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

امیر جماعت اسلامی پاکستان کا آزاد کشمیر کی موجودہ صورتحال پر تشویش کا اظہار

ریاست چلانے والوں کو سوچنا ہوگا کہ عوامی رائے کا احترام کیے بغیر حالات درست نہیں ہوں گے، حافظ نعیم الرحمان

اسلام آباد (آن لائن) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمان نے آزاد کشمیر کی موجودہ صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ حکمرانوں کی عاقبت نااندیشیاں معاملات کو یہاں تک پہنچا دیتی ہیں۔ انہوں نے متوقعہ تحقیقی ...

بقیہ 5 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان ریلوے پہلی بار 115 ارب روپے آمدن کیساتھ منافع میں آیا، حنیف عباسی

پرائیویٹائز کی گئی پانچ ٹرینوں سے تین ارب روپے کا ریونیو حاصل ہوا، دیگر ٹرینوں کی نجکاری کا عمل بھی جاری ہے، میڈیا سے گفتگو

اس منصوبے کی تکمیل سے روہڑی سے کراچی کا سفر تقریباً پانچ گھنٹے کم ہو جائیگا جبکہ ایم ایل ٹو میں پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت سرمایہ کاری لائی جائیگی

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر برائے ریلوے حنیف عباسی نے کہا ہے کہ پاکستان ریلوے اپنی 78 سالہ تاریخ میں پہلی بار منافع میں آیا ہے اور 115 ارب روپے کی آمدن حاصل کی ہے جبکہ سندھ مالی سال کے لیے 65 ارب روپے منافع کمانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ پرائیویٹائز کی گئی پانچ ٹرینوں سے تین ارب روپے کا ریونیو حاصل ہوا، دیگر ٹرینوں کی نجکاری کا عمل بھی جاری ہے۔ سٹیشنوں ...

بقیہ 6 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان کی خودمختاری اور قومی مفادات کا ہر قیمت پر تحفظ یقینی بنایا جائے، فیلڈ مارشل

پاکستان دہشت گردی کے خلاف اپنی عوام کے تحفظ اور دفاع کا مکمل حق رکھتا ہے، بیرونی مدد سے انتشار پھیلانے والی ہر ایسی کوشش کو بغیر کسی پس وپیش کے کچلا جائے گا 276 ویں کورکمانڈرز کانفرنس

بھارتی حمایت یافتہ دہشت گردی، قومی سلامتی اور خطے کی صورتحال پر اہم فیصلے، آپریشن "غضب للحق" جاری رکھنے کا عزم افغان طالبان کے زیر تسلط علاقوں سے دہشت گردی پر شدید اظہار تشویش، پاکستان کے دفاع اور پانی کے حقوق کے تحفظ کے لیے ہر اقدام کا اعلان

راولپنڈی (آن لائن) چیف آف آرمی اسٹاف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کہا ہے کہ پاکستان کی خودمختاری اور قومی مفادات کا تحفظ اور دفاع کا مکمل حق رکھتا ہے، بیرونی مدد سے انتشار پھیلانے والی ہر ایسی کوشش کو بغیر کسی پس وپیش کے کچلا جائے گا۔ اس عزم کا اظہار فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، نشان امتیاز (ملٹری) ...

بقیہ 7 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

سندھ طاس معاہدہ کیس، وفاق سمیت تمام فریقین کو نوٹس جاری، دو ہفتوں میں جواب مانگ لیا

معاہدہ عوامی اہمیت اور بنیادی حقوق سے متعلق ہے اس لیے درخواست باقاعدہ سماعت کے لیے عدالت کے سامنے مقرر کی جائے، سپریم کورٹ

اسلام آباد (آن لائن) اسلام آباد ہائی کورٹ نے سندھ طاس معاہدہ کیس میں وفاق سمیت تمام فریقین کو نوٹس جاری کر دیے ہیں اور دو ہفتوں میں جواب مانگ لیا ہے۔ جوڈیشل ایکٹوازم پینل کی آئینی درخواست پر چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ نے چیئرکمانڈ کی اس دوران وکیل اکبر صدیق نے موقف اختیار کیا کہ اس درخواست ...

بقیہ 8 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

ایران میں ہفتہ سوگ کے باعث امن مذاکرات مؤخر کیے، ٹرمپ

واشنگٹن (آن لائن) ایران میں جاری ہفتہ سوگ کے باعث امن مذاکرات ایک ہفتے کے لیے مؤخر کر دیے گئے ہیں۔ ...

بقیہ 9 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

شہریوں کے جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنانا حکومت کی اولین ذمہ داری ہے، گورنر بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) گورنر بلوچستان شجاعت محمود خان نے گزشتہ رات ہنہ اوڑک میں ہونے والے دہشت گردانہ حملے کی شدید مذمت کی ہے۔ انہوں نے قوم کو دہشت گردوں کے مذموم ارادوں کو ناکام بنانے کے لیے اپنے ...

ہنہ اوڑک میں مسلح مقامی افراد میں فائرنگ 4 جانیں حق، 8 زخمی

واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکار موقع پر پہنچے۔ دوسری جانب کوئٹہ کے ایئرپورٹ روڈ پر ہنہ اوڑک کے رہائشیوں کا احتجاجی دھرنا، کشیدہ صورت حال کے باعث تفریح کے لیے آنے والے متعدد افراد ہنہ اوڑک اور اطراف میں پھنس گئے

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ کے نواحی علاقے ہنہ اوڑک میں مسلح افراد اور مقامی افراد کے درمیان فائرنگ کے تبادلے کے نتیجے میں چار مقامی افراد جاں بحق اور 8 زخمی ہوگئے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق حملہ آور مبینہ طور پر افراد کو زخمی کر کے علاقے سے آئے تھے اور انہوں نے ہنہ اوڑک کے علاقے کلی ہیری میں حملہ کیا، اس دوران مسلح افراد اور مقامی افراد کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ ہوا۔ ان کے ...

بقیہ 17 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

غیر ملکی خواتین سے زیادتی، ملزمان جسمانی ریمانڈ پر پولیس کے حوالے

لاہور: زیادتی کے مقدمے کی تفتیش میں اہم پیش رفت، ملزمان کا ڈی این اے میچ ہوگیا

لاہور (این این آئی) عدالت نے غیر ملکی خواتین سے زیادتی کے کیس میں تین ملزمان کو 7 روزہ جسمانی ریمانڈ پر پولیس کے حوالے کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق تین ملزمان رضوان، نواز اور ناصر کو کینٹ عدالت میں پیش کیا گیا جہاں پولیس کی استدعا پر ...

بقیہ 18 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

اعظم نزہت نے وفاقی سروس ٹریبونل کیلئے ایل ایم ایس سسٹم اور مقدمات کی آن لائن سماعت کیلئے ویڈیو لنک سہولت کا افتتاح کر دیا

نظام کے تحت سماعتیں اسلام آباد، لاہور، پشاور، کوئٹہ اور کراچی میں واقع وفاقی سروس ٹریبونل کیلئے ایل ایم ایس سسٹم کے ذریعے ویڈیو لنک سہولت بھی فراہم کر دی گئی ہے، اعلامیہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر قانون و انصاف، بیرسٹر اعظم نذیر تارڑ نے پیر کو وفاقی سروس ٹریبونل کیلئے ایل ایم ایس سسٹم، پبلک انٹیگریٹڈ ڈیٹا بیس اور مقدمات کی آن لائن سماعت کے لیے ویڈیو لنک سہولت کا باضابطہ افتتاح ...

بقیہ 19 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

سرگودھا سمیت صوبے کے تمام اضلاع میں ترقیاتی منصوبوں پر کام تیزی سے جاری ہے، ملک محمد احمد خان

منصوبوں کی تکمیل سے روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے، تعلیم، صحت اور دیگر شعبوں کے لیے بے مثال فنڈز مختص کیے گئے ہیں، پنجاب کابینہ کا اجلاس سے خطاب

سرگودھا (این این آئی) کیبنٹر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی قیادت میں سرگودھا سمیت صوبے کے تمام اضلاع میں ترقیاتی منصوبوں پر کام تیزی سے جاری ہے اور تاجر برادری کے مسائل کو ترجیحی ...

بقیہ 20 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

گلگت بلتستان چیئرمین پی پی بلاول بھٹو زرداری کا وزیر اعلیٰ کی حلف برداری تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کی نومنتخب وزیر اعلیٰ گلگت بلتستان امجد حسین ایڈووکیٹ کو مبارکباد

گلگت بلتستان میں پیپلز پارٹی کی کامیابی عوامی اعتماد اور بھرپور عوامی رائے کی ترجمانی کرتی ہے، سندھ اور گلگت بلتستان کی ترقی و خوشحالی کیلئے کام کریں گے، مراد علی شاہ

کراچی (این این آئی) وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے گلگت بلتستان کے نومنتخب وزیر اعلیٰ امجد حسین ایڈووکیٹ کو حلف اٹھانے پر دلی مبارکباد دیتے ہوئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تہنیتی پیغام میں وزیر اعلیٰ سندھ نے کہا کہ گلگت بلتستان میں پاکستان پیپلز پارٹی کی کامیابی چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی مدبرانہ قیادت اور عوام کے بھرپور اعتماد کا ...

بقیہ 32 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

سندھ طاس معاہدے کے تحت پاکستان کے حقوق تاریخی، قانونی اور ناقابل تنسیخ ہیں، وزیر پارلیمانی امور

پانی تنازعات شدت کے ہیں، یہ عوام، زراعت اور آنے والی نسلوں کے تحفظ کیلئے ناگزیر ہے، طارق فضل چودھری

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چودھری نے کہا ہے کہ سندھ طاس معاہدے کے تحت پاکستان کے حقوق تاریخی، قانونی اور ناقابل تنسیخ ہیں، پانی تنازعات شدت کے ہیں، یہ عوام، زراعت اور آنے والی نسلوں کے تحفظ کے لیے ناگزیر ہے۔ جو کہ سماجی، ابلاغی و میڈیا سائٹ ایکس پر اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ اس عالمی سطح پر ...

بقیہ 31 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

بغاوت اور میڈیا ہاؤس پر حملے سے متعلق ایم کیو ایم کے رہنماؤں کیخلاف مقدمات کی سماعت ملتوی

عدالت میں بانی ایم کیو ایم کو طلب کرنے کا حکم دیا گیا ہے، استغاثہ کے مطابق ملزمان کیخلاف انسداد دہشتگردی ایکٹ کی دفعات درج کی گئی ہیں

کراچی (این این آئی) انسداد دہشت گردی کی خصوصی عدالت نے بغاوت اور میڈیا ہاؤس پر حملے سے متعلق ایم کیو ایم کے رہنماؤں کے خلاف مقدمات کی سماعت اگست کے دوسرے ہفتے تک ملتوی کر دی ہے۔ انسداد دہشت گردی کی عدالت میں بغاوت اور میڈیا ہاؤس پر حملے سے متعلق مقدمات کی سماعت ہوئی۔ ڈاکٹر فاروق ستار، عامر خان اور دیگر ملزمان کے وکلاء عدالت میں پیش ہوئے۔ استغاثہ کی جانب سے ...

بقیہ 30 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

حکومت سرمایہ کاروں کو ہر ممکن سہولیات دینے کیلئے پرعزم ہے

وزیر خزانہ

سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے عزم، پیپلز اور گریب نے انویسٹ پاک پورٹل کا افتتاح کر دیا، جاز کیشن ایپ کے ذریعے 5 ہزار روپے سے انوسٹمنٹ کی جا سکتی ہے، افراد کی طور پر کی جانیوالی انوسٹمنٹ ڈگرمند ہوگی، خطاب

حکومت سرمایہ کاروں کو ہر ممکن سہولیات دینے کیلئے پرعزم ہے، پاکستان میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں، وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے انویسٹ پاک پورٹل کا افتتاح کر دیا۔ انویسٹ پاک پورٹل کے افتتاح کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا کہ انویسٹ پاک پورٹل کے افتتاح پر گورنر سٹیٹ بینک نے انویسٹ پاک پورٹل کا افتتاح کر دیا۔ انویسٹ پارک پورٹل سرمایہ کاری کے نئے دور کا آغاز ہے۔ انہوں نے کہا کہ انویسٹ پاک پورٹل کا مقصد ملک میں بیرونی سرمایہ کاری کو فروغ دینا ہے، انویسٹ پاک ...

بقیہ 24 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

دیامر کے 9 پولنگ اسٹیشنوں پر دوبارہ ووٹنگ کا شیڈول جاری، پولنگ 21 جولائی کو ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) دیامر کے 2 انتخابی حلقوں کے 9 پولنگ اسٹیشنوں پر دوبارہ پولنگ کا شیڈول ...

بقیہ 23 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ میں آٹے کی قیمتوں کو پھر پر لگ گئے 20 کلو کا تھیلا 3200 روپے تک جا پہنچا، شہری شدید پریشان

20 کلو آٹے کے تھیلے میں 400 روپے فی کلو 20 روپے اضافہ، 50 کلو کا تھیلا 7 ہزار تک اضافہ ہوا ہے

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں اشیائے خورونوش کی بڑھتی ہوئی قیمتوں کے درمیان آٹے کی قیمت میں ایک بار پھر نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ شہریوں نے متعلقہ محکمے کی ...

بقیہ 5 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

جنگ بندی کے باوجود غزہ پر اسرائیلی حملے معمول، مزید 4 فلسطینی شہید

غزہ (این این آئی) جنگ بندی کے باوجود پیر کی صبح غزہ پر اسرائیلی حملوں میں چار فلسطینی شہید اور 22 زخمی ہوگئے۔ مقامی طبی ذرائع نے غزہ میں گاڑیوں اور ایک چھر پر حملوں کی اطلاع دی ہے۔ الویتیوز کے حوالے سے بتایا گیا ہے کہ پیر کی صبح کو شمالی علاقے میں دو فلسطینی شہید اور 16 زخمی ہوئے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ...

بقیہ 21 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

وزارت مذہبی امور نے پرائیویٹ حجاج کرام سے فیڈ بیک طلب کر لیا

اسلام آباد (این این آئی) وزارت مذہبی امور نے غزہ پر پرائیویٹ حجاج کرام سے فیڈ بیک طلب کر لیا۔ ترجمان وزارت مذہبی امور کے مطابق پرائیویٹ حجاج 5 شکایات، 4 اقتباسات، 3 تعریف 20 جولائی تک جمع کرائیں، حجاج کرام حفظ شدہ شکایات جھوٹوں اور حوالہ جاتی شواہد کے ساتھ وزارت کو ارسال کریں۔ ترجمان کے مطابق معصومہ شکایات کی جانچ مقررہ طریقہ کار کے مطابق کی ...

بقیہ 33 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

ڈی آئی جی (آئی ٹی) سمیت دیگر کیخلاف توہین عدالت کی درخواست پر ساعت 8 جولائی تک ملتوی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے ڈی آئی جی (آئی ٹی) منصور اعظم سمیت دیگر کے خلاف توہین عدالت کی درخواست پر ساعت 8 جولائی تک ملتوی کر دی۔ جسٹس محمد علی خان نے شہری منصور عباس کی جانب سے دائر توہین عدالت کی درخواست پر ساعت کی۔ جس میں موقف اپنایا گیا کہ مقدمہ درج ہونے کے بعد جو دستاویز کا نام پولیس کریمنل ریکارڈ لوسٹ سے نکالا گیا، عدالت نے کریمنل ...

بقیہ 29 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

میری خواہش ہے کہ عیدی ہی سہی گلگت بلتستان کے عوام کو آئینی حقوق دیے جائیں

بلاول بھٹو زرداری

ہماری ذمہ داری ہے کہ ریاست پاکستان، حکومت پاکستان اور تمام سیاسی جماعتوں کو ایک صفحے پر لا کر اتفاق رائے سے آئینی حقوق اور حق حاکمیت کا وعدہ پورا کریں

گلگت بلتستان کے عوام کو پہاڑ کی چوٹی سے دریا کے کنارے تک اپنی زمین کی ملکیت دی جائے گی۔ اس عمل کو جمہوری مشاورت سے آگے بڑھایا جائے گا

اسلام آباد (آن لائن) چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے گلگت بلتستان میں وزیر اعلیٰ کے بعد اس لطیفے پر ایک شے آر کا فلاں اسمبلا کا کہا۔ گلگت بلتستان کے عوام آج بھی قائد عوام شہید ذوالفقار علی بھٹو کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں جنہوں نے ایک ہی آواز دے کر سارے کے سارے ...

بقیہ 40 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

پی آئی اے پہلے ہی سال منافع بخش ادارہ بن جائیگا، عارف حبیب کا دعویٰ

معاہدے کے تحت ایک سال تک کسی بھی ملازم کو ملازمت سے نہیں نکالا جائے گا، کنٹریکٹ ...

کراچی (این این آئی) پاکستان کی معروف کاروباری شخصیت عارف حبیب نے دعویٰ کیا ہے کہ نجکاری کے بعد پی آئی اے پہلے ہی سال منافع بخش ادارہ بن جائے گا۔ نجی ٹیلیکنٹ عارف حبیب نے کہا کہ صرف ان رونس پر پرواز پہلی ...

بقیہ 16 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

شہریوں کے جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنانا حکومت کی اولین ذمہ داری ہے، گورنر بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) گورنر بلوچستان شجاعت محمود خان نے گزشتہ رات ہنہ اوڑک میں ہونے والے دہشت گردانہ حملے کی شدید مذمت کی ہے۔ انہوں نے قوم کو دہشت گردوں کے مذموم ارادوں کو ناکام بنانے کے لیے اپنے ...

ایران کے 9 جوابی مطالبات کو امریکہ نے مسترد کر دیا، ٹرمپ کا آبنائے ہرمز کو کھلا رکھنے کا مطالبہ

ایران کے 9 جوابی مطالبات کو امریکہ نے مسترد کر دیا ہے، ٹرمپ کا آبنائے ہرمز کو کھلا رکھنے کا مطالبہ ...

صدر مملکت اور وزیر اعظم کا گروپ کیپٹن عاصم طارق کی شہادت پر گہرے رنج کا اظہار

بے گناہ خواتین کے تحفظ کیلئے جان کا نذرانہ پیش کرنا اعلیٰ انسانی اقدار اور قومی خدمت کی روشن مثال ہے، آصف زرداری

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیر اعظم شہباز شریف نے گروپ کیپٹن عاصم طارق کی شہادت پر گہرے رنج کا اظہار کیا ہے۔ اپنے بیان میں صدر زرداری نے کہا کہ بے گناہ خواتین کے تحفظ کے لیے جان کا نذرانہ پیش ...

بقیہ 10 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

راولپنڈی فیلڈ مارشل سید عاصم منیر 276 ویں کورکمانڈرز کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں، فائل فوٹو

اسحاق ڈار سے اقوام متحدہ کے بکرزی جنرل کے عہدے کی امیدوار لکولاؤ ورسک سابق وزیر خارجہ کی ملاقات

کثیر جہتی تعاون کے فروغ اور عالمی امور میں اقوام متحدہ کے مرکزی کردار کو مزید مضبوط بنانے کیلئے پاکستان کی بھرپور حمایت کا اعادہ

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار سے اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل کے عہدے کی امیدوار لکولاؤ ورسک سابق وزیر خارجہ کی ملاقات ہوئی۔ ملاقات میں دونوں ...

بقیہ 11 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

صدر زرداری 6 سے 9 جولائی تک کرغزستان کا سرکاری دورہ کریں گے

دورے کے دوران صدر مملکت کی صدر صادر اور وزیراعظم کے ساتھ بزنس ڈیلز اور وفود کی سطح پر مذاکرات ہوں گے

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری کرغزستان کے صدر صادر ژیبارف کی دعوت پر 6 سے 9 جولائی 2026 تک اعلیٰ سطحی وفد کی قیادت کرتے ہوئے جمہوریہ کرغزستان کا سرکاری دورہ کریں گے۔ پیر کو ایوان صدر کے ...

بقیہ 12 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

عالمی یوم دہشت گردی: دہشت گردی ہی مضبوط اور خوشحال پاکستان کی بنیاد ہے، وزیر اعلیٰ سندھ

دہشت گرد عناصر کی سرمایہ کاری دراصل قوم کے تحفظ اور پائیدار مستقبل میں سرمایہ کاری ہے، سید مراد علی شاہ

کراچی (این این آئی) وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے عالمی یوم دہشت گردی کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ دہشت گردی ہی مضبوط، خوشحال اور خودمختار پاکستان کی بنیاد ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گرد عناصر کی سرمایہ کاری دراصل قوم کے تحفظ اور مستقبل میں سرمایہ کاری ہے۔ سید مراد علی شاہ ...

بقیہ 13 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

ایران سپریم لیڈر کے قاتلوں کو انجام تک پہنچائے گا، ایرانی آرمی چیف

شہید سپریم لیڈر نے عزت، وقار، آزادی اور سربلندی کے راستے کا تعین کیا تھا، میجر جنرل امیر حاتمی

تہران (این این آئی) ایران کی فوج کے کمانڈر میجر جنرل امیر حاتمی نے کہا ہے کہ سپریم لیڈر کو شہید کرنے والوں کو یہ جان لینا چاہیے کہ ایرانی قوم اور مسلح افواج انہیں انجام تک پہنچائیں گی، انہیں بخشا نہیں جائے گا اور ان سے حساب لیا جائے گا۔ ایرانی ...

بقیہ 14 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

گلگت بلتستان، کرنل سید مجدی شاہ نومنتخب وزیر اعلیٰ گلگت بلتستان ایڈووکیٹ امجد حسین سے ان کے عہدے کا حلف لے رہے ہیں

ہنہ اوڑک میں دہشتگردوں کے حملے پر فوجی کا آپریشن 2 دہشتگرد ہلاک 2 ہلاکی جزئی صیاللہ لانگو

مظاہرین سے مذاکرات کے لیے کمیٹی قائم، واٹس ایپ پر غیر مصدقہ خبریں پھیلانے والوں کے خلاف کارروائی ہوگی، شاہد رند

ہنہ اوڑک میں چیک پوسٹ قائم کر دی گئی ہے اور سیکورٹی فورسز نارمل ایکشن میں ہیں کیونکہ دہشتگرد چاہتے ہیں کہ عوام ہنہ اوڑک چھوڑ جائیں

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ کے نواحی علاقے ہنہ اوڑک میں دہشت گردوں کے حملے کے بعد صورتحال کو کنٹرول کرنے کے لیے سیکیورٹی فورسز نے ایک چیک پوسٹ قائم کر دی ہے اور سیکیورٹی اہلکار علاقے میں گشت کر رہے ہیں۔ ...

گورنر سندھ نے سرجانی میں نادرا میگا سینٹر کا افتتاح کر دیا

تعمیر شدہ عمارت میں معمر اور خصوصی افراد کیلئے علیحدہ کاؤنٹرز قائم کیے گئے ہیں، رپورٹ

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ سید نیاز احمد ہانگی نے کراچی کے علاقے سرجانی میں نادرا کے نئے میگا سینٹر کا افتتاح کر دیا۔ نادرا حکام کے مطابق تعمیر شدہ عمارت میں معمر اور خصوصی افراد کیلئے علیحدہ کاؤنٹرز قائم کیے گئے ہیں تاکہ انہیں سہولت فراہم کی ...

بقیہ 34 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

روس کا یوکرین کے دارالحکومت پر حملہ، 10 افراد ہلاک

رہائشی عمارت کو نشانہ بنایا گیا، بلاکتوں میں اضافے کا خدشہ ہے، یوکرینی فوج

ماسکو (این این آئی) روس نے یوکرین کے دارالحکومت کیف پر ڈرونز اور میزائلوں سے حملے کیے ہیں جس کے نتیجے میں 10 افراد ہلاک اور 46 سے زائد زخمی ہو گئے۔ یوکرینی فوج کے مطابق حملوں میں رہائشی عمارت کو نشانہ بنایا گیا ہے جس کی وجہ سے ...

بقیہ 35 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

اسرائیلی وزیر دفاع اسرائیل کاٹز کی ایرانی قیادت کو دھمکی

اسرائیل ہر وقت اور ہر قسم کے خطرے کیخلاف اپنے دفاع کے لیے تیار ہے، بیان

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی وزیر دفاع اسرائیل کاٹز نے دعویٰ کیا ہے کہ آیت اللہ علی خامنہ ای کو سپریم لیڈر ہر اسرائیل کو تباہ کرنے کے منصوبے کی قیادت کر رہے تھے۔ اسرائیل کاٹز کے مطابق اس کے ساتھی انہوں نے قرار دیا کہ ...

بقیہ 38 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

فاسٹ ٹریک پالیسی کے تحت 7 نئے سینٹ پلانٹس کیلئے 700 ملین ڈالر سرمایہ کاری کی منظوری دے دی گئی

اسلام آباد (این این آئی) اے سی ایف سی نے فاسٹ ٹریک پالیسی کے تحت 7 نئے سینٹ پلانٹس کیلئے 700 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری کی منظوری دے دی گئی، ریکولیٹری رکاوٹوں کے خاتمے کے بعد لنگ سینٹ اور کل سینٹ سیمنٹ 7 کمپنیوں کے منصوبوں کو پیش رفت دے۔ اسی سہولت کاری کے نتیجے میں سینٹ نے کراچی پلانٹ کی ایکسپریشن مکمل کی اور پیداواری صلاحیت بڑھا دی۔ کراچی پلانٹ کی ...

بقیہ 37 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

پی آئی اے کی 2 پروازیں ایران سے واپس آ گئیں، 2 پروازیں منسوخ

اسلام آباد (این این آئی) پی آئی اے کی 2 پروازیں ایران سے واپس آ گئیں، 2 پروازیں منسوخ کر دی گئیں۔ ...

پرتگال کے سفیر کی پاکستان۔ پرتگال بزنس فورم کے انعقاد کی تجویز

پرتگال پاکستان کے لیے یورپ، افریقہ اور لاطینی امریکہ تک رسائی کا دروازہ بن سکتا ہے، سفیر پاکولو دیگیو

لاہور (این این آئی) پاکستان میں پرتگال کے سفیر پاکولو دیگیو نے دو ماہ سال کے آخر میں پرتگال کے وزیر خارجہ کے متوقع دورہ پاکستان کے موقع پر پاکستان۔ پرتگال بزنس فورم کے انعقاد کی تجویز دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس فورم کے ذریعے دونوں ممالک کی کمپنیاں، سرمایہ کاروں، مالیاتی اداروں اور سرکاری نمائندوں کو ایک پلیٹ فارم پر جمع کیا جا سکے ...

بقیہ 28 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی مقامی ہسپتال میں سانحہ ہنہ اوڑک کے زخمیوں کی عیادت کر رہے ہیں

صرف سرکاری ریٹ پر زمین کا معاوضہ مقرر نہیں کیا جا سکتا، سپریم کورٹ کا فیصلہ

کہ منصفانہ معاوضہ ہر متاثرہ شہری کا آئینی حق ہے، ریاست عوامی مفاد میں زمین حاصل کر سکتی ہے، مگر

روزنامہ صباء کوئٹہ
Daily SABA Quetta
صفحہ نمبر 04

امریکا کیساتھ امن نہیں معاہدہ مشکل ہے مگر قابل عمل ہے، ایرانی اسپیکر

سپریم لیڈر کی ہدایات کے مطابق ضرورت پڑنے پر مسلمانوں اور مزاحمتی محاذ کی مدد جاری رکھے گا، باقر قالیباف

تہران (این این آئی) ایران کی پارلیمنٹ کے اسپیکر محمد باقر قالیباف نے کہا ہے کہ ایران عالیہ مفاہمتی یادداشت پر، احتیاط کے باوجود امریکا سے اختلافات رکھتا ہے اور یادداشت پر عمل درآمد مشکل ہے لیکن قابل رسائی ہے۔ ایرانی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق پارلیمنٹ کے اسپیکر محمد باقر قالیباف نے تہران میں موجود حماس کی لیڈرشپ کونسل کے سربراہ محمد درویش سے ملاقات کے دوران کہا کہ ہمارا موقف امریکا کے ساتھ امن نہیں ہے اور ہم اسرائیل کو تسلیم نہیں کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ ایران سپریم لیڈر کی ہدایات کے مطابق ضرورت پڑنے پر مسلمانوں اور مزاحمتی محاذ کی مدد جاری رکھے گا، اگر ضرورت پڑی تو میزائلوں کے ساتھ اور کسی بھی دباؤ دوسرا ہوا تو مذاکرات کے ذریعے ڈائل کر تعاون کریں گے۔ امریکا کے ساتھ مذاکرات میں ایرانی وفد کی سربراہی کرنے والے باقر قالیباف نے زور دیا کہ صرف مذاکرات برائے مذاکرات سے بچنے کی ضرورت ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ تہران اور واشنگٹن کے درمیان مذاکرات اس وقت معطل ہو گئے جب مفاہمتی یادداشت پر دستخط سے ایک دن پہلے

بقیہ 44 نمبر صفحہ 3 ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ: ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین ڈاکٹر عبدالمنان کاکڑ اور دیگر ڈاکٹرز سول ہسپتال میں احتجاج کر رہے ہیں

گوادر: ایم پی اے گوادر مولانا ہدایت الرحمٰن ڈائریکٹر جنرل جی ڈی اے معین الرحمٰن خان سے ملاقات کر رہے ہیں

ہنہ اوڑک واقعہ کے ذمہ داروں کیخلاف کارروائی کی جائے، خوشحال خان کاسی

بے گناہ شہریوں کا قتل عام کیا جارہا ہے جو ناقابل برداشت ہے، پشتونخوا میپ

کوئٹہ (پی این اے) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی سیکرٹری فقیر محمد خان خان کاسی نے ہنہ اوڑک میں مسلح محسوں کے حملے کے نتیجے میں چار افراد کی شہادت اور خواتین و بچوں سمیت درجنوں افراد کے زخمی ہونے کے افسوسناک واقعے پر شدید دکھ، افسوس اور غم و غصے کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بے گناہ شہریوں کا قتل عام کسی بھی صورت قابل برداشت نہیں اور اس پر خاموشی اختیار نہیں کی جا سکتی۔ اپنے مذمتی بیان میں انہوں نے کہا کہ ہنہ اوڑک میں مسلسل بے امنی اور معصوم شہریوں کو نشانہ بنانا نہ صرف انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزی ہے بلکہ ریاستی ذمہ داری پر بھی سوالیہ نشان ہے۔ رات کے تاریکی میں مسلح گروہوں اور راہزنی آبادیوں پر حملے کرتے ہیں، بے گناہ لوگوں کو خون بہاتے ہیں اور قانون کی گرفت سے بچ نکلتے ہیں، جو انتہائی تشویشناک صورتحال ہے۔

جمہوری بالادستی، مسائل کی مصنفانہ تقسیم اور تعلیم پر بھرپور سرمایہ کاری وقت کی ضرورت ہے

مخلص پارٹی عوامی حقوق، جمہوری عمل معیاری و جدید تعلیم کے لیے جدوجہد کررہی ہے، ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ

کوئٹہ (این این آئی) مخلص پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان ایسی مظلوم نیاز بلوچ سمیت دیگر کے ہمراہ گورنمنٹ فرنٹ جمال موسیٰ پوسٹ گریجویٹ کالج سلمدار روڈ مری آباد اور گورنمنٹ گرلز کالج حسین موسیٰ سلمدار روڈ مری آباد کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے دونوں تعلیمی اداروں کے انتظامی امور، بنیادی ماحول اور طلبہ کو درپیش مسائل کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر مخلص پارٹی کے مرکزی ترجمان علی احمد لونگو، مرکزی کمیٹی کے رکن ڈاکٹر رمضان جزار، ڈاکٹر نور بلوچ، منظور احمد اور دیگر رہنما و کارکنان بھی وفد کے ہمراہ موجود تھے۔ اس موقع پر کالجوں کے پرنسپلز نے انکشاف کیا کہ بلوچ اور وفد کو اداروں میں درپیش مسائل، بنیادی سہولیات کی عدم دستیابی، جدید تعلیمی تقاضوں اور اعلیٰ تعلیم کے فروغ سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی۔ وفد نے طلبہ کی مشکلات کو بغور سنا اور متعلقہ اداروں کے مختلف شعبوں کا بھی معائنہ کیا اور اساتذہ و طلبہ سے گفتگو کی۔ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ تعلیم کسی بھی قوم کی ترقی، شعور اور خوشحالی کی بنیاد ہوتی ہے، مگر افسوس کہ ملک میں محروم طبقے کو تعلیم کو کبھی ترجیح نہیں بنایا۔

ہنہ اوڑک اور گردونواح میں عوام کی جان و مال کا تحفظ یقینی بنایا جائے، ذوالفقار طارق

دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کی جائے، رہنما اہلسنت

کوئٹہ (پی این این) اہل سنت و جماعت کے رہنما ذوالفقار طارق قادری نے اپنی تحریری بیان میں کہا کہ ہنہ اوڑک اور گرد و نواح میں امن و امان کی بگڑتی ہوئی صورتحال انتہائی تشویش ناک ہے۔ عوام بے جان و مال کا تحفظ ریاست کی آئینی، قانونی اور اخلاقی ذمہ داری ہے، لہٰذا حکومت کو چاہیے کہ وہ علاقے میں امن کے قیام اور شہریوں کے تحفظ کے لیے فوری اور مؤثر اقدامات کرے۔ کسی بھی شہری کو خوف و ہراس کی فضا میں زندگی گزارنے پر مجبور نہیں ہونا چاہیے۔ علاقے میں دہشت گردوں کی جانب سے بے گناہ شہریوں کو قتل کرنا، ضرورت ہونی ہے، اسی وقت بلکل غائب رہتی ہے جبکہ سیکیورٹی کیا جارہا ہے۔ شہریوں کو درپیش دہشت گردی اور بنیادی حقوق کا تحفظ ریاست کی اولین ذمہ داری ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ہنہ اوڑک اور گرد و نواح میں امن و امان کی بگڑتی صورتحال انتہائی تشویشناک ہے۔ شہریوں کو درپیش دہشت گردی اور بنیادی حقوق کا تحفظ ریاست کی اولین ذمہ داری ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ہنہ اوڑک اور گرد و نواح میں امن و امان کی بگڑتی ہوئ

Daily SABA-QTA
روزنامہ صباء کوئٹہ
Phone: (081-2830286
Email: saba6097595@gmail.com
ABC CERTIFIED

پبلشر بالاچ نے الکریم پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر
دفتر روزنامہ صباء ارشد درانی بلڈنگ روم نمبر 3 علمدار روڈ سے شائع کیا

حکومت سرمایہ کاروں کو ہر ممکن سہولیات دینے کیلئے پُرعزم

پاکستان میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں۔انویسٹ پاک پورٹل کے افتتاح کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا کہ انویسٹ پاک پورٹل کے افتتاح پر گورنر سٹیٹ بینک کو مبارکباد دیتا ہوں، انویسٹ پارک پورٹل سرمایہ کاری کے نئے دور کا آغاز ہے۔انہوں نے کہا کہ انویسٹ پاک پورٹل کا مقصد ملک میں بیرونی سرمایہ کاری کو فروغ دینا ہے، انویسٹ پاک پورٹل سے سرمایہ کاروں کیلئے آسانیاں پیدا ہوں گی، پاکستان میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں۔انہوں نے کہا کہ جازکیش ایپ کے ذریعے 5 ہزار روپے سے انوسٹمنٹ کی جاسکتی ہے، انفرادی طور پر کی جانے والی یہ انوسٹمنٹ فائدہ مند ہوگی، پاکستان سٹاک مارکیٹ میں بھی سرمایہ کاری کرنے والوں کی تعداد میں اضافہ ہوا، نوجوان خصوصاً جین زی کو سرمایہ کاری کی جانب راغب کرنے کی کوشش کی ہے۔وزیر خزانہ نے کہا کہ انویسٹ پاک پورٹل عالمی معیار کی سہولت فراہم کرے گا، انویسٹ پاک پورٹل جیسے ڈیجیٹل پلیٹ فارم اہم سنگ میل ہیں، پورٹل سرمایہ کاری کے عمل کو تیز رفتار بنائے گا، معاشی ترقی کیلئے نجی شعبے کا کردار انتہائی اہم ہے۔قبل ازیں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے گورنر سٹیٹ بینک جمیل احمد نے کہا کہ سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے مؤثر اقدامات کئے جا رہے ہیں، انوسٹ پاک پورٹل ڈیجیٹل سرمایہ کاری کے فروغ میں اہم کردار ادا کرے گا۔انہوں نے کہا کہ انوسٹ پاک پورٹل ڈیجیٹل سے سرمایہ کاروں کو آن لائن سہولیات میسر ہوں گی۔گورنر سٹیٹ بینک کا کہنا تھا کہ ملک معاشی استحکام کی طرف گامزن ہے، ون ونڈو سہولت سے سرمایہ کاری کے عمل میں تیزی آئے گی، جدید ڈیجیٹل نظام سے شفافیت اور سہولت میں اضافہ ہوگا۔

عالمی بینک کی رپورٹ، جواب کون دے گا؟

اچھی جمہوری حکومت کی پہچان یہ ہوتی ہے کہ وہ اپنے منشور کے مطابق عوام سے کیے گئے وعدوں کی تکمیل کے لیے ایسی پالیسیاں اور منصوبے بناتی ہے جن سے عوام الناس کو فیض پہنچے، لوگوں کے مسائل حل ہوں اور انھوں نے جن امیدوں اور توقعات کے

[redacted]

ساتھ اپنے نمایندوں کو ووٹ دیا ہے اور انتخابی مہم کے دوران سیاسی جماعتوں کے قائدین نے لوگوں سے جو وعدے کیے ہیں وہ اقتدار میں آکر پورے کیے جائیں۔آپ پاکستان کی سیاسی تاریخ اور برسر اقتدار حکومتوں کی کارکردگی کا جائزہ لیں اور ان کے منشور اور عوام سے کیے گئے ان وعدوں اور دعووں کی چھان پھٹک کریں تو یہ تلخ حقیقت سامنے آتی ہے کہ اقتدار کی راہداریوں میں داخل ہونے کے بعد عوامی نمایندگی کا دعویٰ کرنے والے عوام کو بھول جاتے ہیں۔ ان کے کیے گئے وعدے اور دعوے پانی کے بلبلوں کی طرح ان کے اذہان سے غائب ہوجاتے ہیں۔ اسمبلیوں کے ٹھنڈے ماحول میں بیٹھ کر انھیں صرف اپنے سیاسی، جماعتی اور ذاتی مفادات یاد رہ جاتے ہیں۔عوام کی فریاد ان کی سماعتوں تک نہیں پہنچ پاتی۔ اس باعث صاحبان اقتدار ایسے منصوبے پالیسیاں بناتے ہیں اور ایسی آئینی ترامیم اور قانون سازی کرتے ہیں جن سے ان کے سیاسی و جماعتی مفادات وابستہ ہوتے ہیں اور ان کی حکومت کو تحفظ اور طوالت حاصل ہوتی ہے۔یہی وجہ ہے کہ ایسے حکومتی اقدامات اور فیصلے مبصرین، تجزیہ نگاروں اور ماہرین و صائب الرائے طبقے کی نظر میں تنقید کا نشانہ بنتے ہیں۔ پریس و الیکٹرانک میڈیا میں حکومتی کارکردگی پر سوالات اٹھائے جاتے ہیں۔ عالمی بینک نے اپنی حالیہ رپورٹ میں نہ صرف صوبوں کو وسائل کی تقسیم کے حوالے سے قومی مالیاتی کمیشن یعنی این ایف سی ایوارڈ پر تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے اصلاحات کی سفارش کی ہے بلکہ قومی مالیاتی نظام کی کمزوریوں اور خامیوں کو اجاگر کرتے ہوئے برملا یہ کہا ہے کہ وفاقی اخراجات میں کوئی کمی نظر نہیں آئی۔ رپورٹ میں واضح طور پر کہا گیا ہے کہ اٹھارویں ترمیم کے تحت سماجی خدمات جن میں تعلیم اور صحت نمایاں ہیں اور معاشی شعبوں کی ذمے داریاں صوبوں کو منتقل ہوچکی ہیں لیکن وفاق اب بھی ان شعبوں میں سرگرم ہے۔ بعینہ ہی بلدیاتی حکومتوں کو واضح اور مالی وسائل فراہم نہیں کیے گئے۔ عالمی بینک نے اشیا پر جی ایس ٹی کے نفاذ کو سب سے بڑا چیلنج قرار دیتے ہوئے عوام الناس کی زندگیوں میں بہتری نہ آنے پر شدید مایوسی کا اظہار کرتے ہوئے مختلف شعبوں میں جامع اصلاحات کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ عالمی بینک کے مذکورہ تحفظات و اعتراضات اور سوالات حکومت کی گزشتہ تین سالہ کارکردگی پر بڑا سوالیہ نشان ہیں۔ حکومت نے اٹھارویں ترمیم کے تحت مختلف النوع شعبوں و اختیارات کی صوبائی حکومتوں کو منتقلی کے حوالے سے پوری سنجیدگی سے عمل نہیں کیا جس پر مبصرین و تجزیہ نگار سوالات اٹھاتے رہتے ہیں لیکن اپنے سیاسی مفادات کے تحفظ کی خاطر حکومتیں اٹھارویں ترمیم پر کماحقہ عمل درآمد سے گریزاں ہی رہی۔ حکومت نے موجودہ بجٹ میں مختلف النوع عوامی استعمال کی اشیا پر جی ایس ٹی نافذ کرکے عام آدمی پر مہنگائی کے کوڑے برسانے میں کوئی تامل نہیں کیا۔ بجلی، گیس اور پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں بارہا اضافے سے پہلے ہی اشیا ضرورت کی قیمتوں میں اضافہ ہوچکا ہے۔۔

تشدد طالبان کا افغانستان پھر سب سے نیچے!

تقریباً 31 برس قبل روٹرڈیم (نیدرلینڈز) کی یونیورسٹی (Erasmus) نے ایک ادارے کی بنیاد رکھی۔ اسے ''دنیا بھر کے بچوں کے حقوق کا بنیادی پیمانہ'' سے موسوم کیا گیا Kids Index Right یہ عالمی ادارہ دنیا

تنویر تنویر قیصر شاہد قیصر شاہد

بھر کے بچوں کے حقوق کے تحفظ کا جائزہ لیتا رہتا ہے اور سال کے بعد اس بارے تحقیقی رپورٹ شائع کرتا ہے۔ ''کِڈز رائٹس انڈیکس'' یہ دیکھتا ہے کہ دنیا کے کن کن ممالک میں بچوں کی صحت، تعلیم، خوراک، سیکورٹی کا کتنا اور کہاں تک خیال رکھا جاتا ہے؟ اور یہ کہ کن کن ممالک میں بچوں پر کس انداز میں ذہنی، نفسیاتی اور جسمانی تشدد کیا جاتا ہے؟ مذکورہ ادارے نے یکم جولائی کو Rights Kids Index 2026 کی تازہ ترین رپورٹ شائع کردی ہے۔

اس رپورٹ کا عالمی سطح پر غلغلہ ہے۔ اس رپورٹ کے مطابق: مغربی دنیا کے صرف تین ایسے ٹاپ کے ممالک ہیں جہاں بچوں کی سب سے زیادہ نگہداشت کی جاتی ہے اور جہاں بچوں کی سیکورٹی، صحت، تعلیم اور تحفظ کا سب سے زیادہ خیال رکھا جاتا ہے:۔ ا؟ کس لینڈ، سوئٹزرلینڈ اور فن لینڈ! گویا کہا جاسکتا ہے کہ مذکورہ تینوں ممالک میں جنم لینے والے بچے دنیا کے خوش قسمت ترین بچے ہیں۔ اس تازہ ترین انڈیکس میں پیش کردہ حقائق اور تحقیقات کے مطابق: دنیا کا کوئی ایک بھی مسلمان ملک بچوں کے لیے ا؟ ئیڈیل نہیں ہے۔

مذکورہ بالا ''کِڈز رائٹس انڈیکس 2026'' کا کہنا ہے: ''ہم نے بچوں کے بنیادی حقوق، تحفظ، صحت، تعلیم بارے دنیا کے 194 ممالک کا تحقیقی جائزہ لیا۔ اور ہم اس نتیجے پر پہنچے ہیں کہ طالبان کا افغانستان سب سے ا؟ خری نمبر پر ہے 194 ویں درجے پر۔'' اس سے نیچے فہرست میں تو اور کوئی درجہ ہی نہیں ہے۔ رپورٹ کہتی ہے کہ ''طالبان کے افغانستان میں بچوں کے جملہ بنیادی حقوق نہ صرف سلب کیے گئے ہیں، بلکہ انہیں کچل کر رکھ دیا گیا ہے۔'' مذکورہ انڈیکس کی تازہ ترین رپورٹ کو اقوام متحدہ کے ایک ذیلی ادارے UNICEF (جو عالمی سطح پر بچوں کے حقوق و خوراک کا جائزہ بھی لیتا ہے) کی رپورٹ نے مزید تقویت دی ہے۔ ''یونیسف'' کی رپورٹ کے مطابق: طالبان کے افغانستان میں رواں لمحوں کے دوران ایک کروڑ 16 لاکھ بچے بنیادی حقوق کے حوالے سے شدید محرومیوں کا شکار ہیں۔

انہیں مناسب خوراک میسر ہے، نہ بنیادی تحفظ، نہ تعلیم دستیاب اور نہ ہی افغان بچوں کی مناسب نگہداشت کی جارہی ہے۔ مزید ظلم یہ ہے کہ تشدد افغان طالبان کے افغانستان میں کمسن بچیوں کی خرید و فروخت فروغ پا رہی ہے۔ اس ضمن میں ایک غیر ملکی انگریزی میڈیا میں سیمین حیدری کا جو مفصل اور تفصیلی شائع ہوا ہے، اس میں واضح الفاظ میں انکشافات کیے گئے ہیں کہ افغان طالبان کے موجودہ دور میں معصوم اور کمسن افغان بچیوں کی خرید و فروخت جاری ہے۔ سیمین حیدری نے اپنی رپورٹ میں فروخت شدہ کئی افغان بچیوں کے نام بھی لکھ دیئے ہیں۔ ان حقائق نے دنیا کو ہلا کر رکھ دیا ہے۔ متشدد افغان طالبان کا افغانستان ا؟ ج اپنے ہمسایوں کے لیے ہی عذاب نہیں بن گیا، بلکہ طالبان کا افغانستان اپنے شہریوں کے بچوں کا تحفظ کرنے میں بھی ناکام ہوچکا ہے۔

دنیا بھر کے بچوں کے حقوق بارے روٹرڈیم یونیورسٹی کی یہ سالانہ رپورٹ متشدد افغان طالبان کی پوری حکومت کے لیے ندامت کا باعث بنی چاہیے تھی، مگر وہ شرمندہ ہونے کی بجائے اکڑتے ہوئے کہہ رہے ہیں کہ یہ رپورٹ ہی غلط! مذکورہ رپورٹ کی بازگشت افغان طالبان کی حکومت تک پہنچی تو ''امارت اسلامیہ'' افغانستان کے نائب ترجمان، حمد اللہ فطرت نے بیان داغتے ہوئے کہا: ''کِڈز رائٹس انڈیکس 2026 کی یہ رپورٹ بے بنیاد بھی ہے اور جھوٹ کا پلندہ بھی۔ ہم اسے تسلیم نہیں کرتے۔ ا؟ ج کے افغانستان میں افغان بچوں کے جملہ حقوق کا زبردست تحفظ کیا جارہا ہے۔

ہم نے تو افغانستان میں بچوں کی مشقت پر بھی قطعی پابندیاں عائد کردی ہیں۔'' جب کہ حقیقت یہ ہے کہ طالبان کے افغانستان میں بچوں سے مشقت بھی کروائی جارہی ہے اور افغان بچوں کی غلامی کا مکروہ کاروبار بھی جاری ہے۔ متشدد طالبان کے مطلق امیر کے حکم سے جو تازہ قانون منظور کیا گیا ہے، اس کے مطابق غریب، سماجی طور پر کم درجے کے افغان شہریوں کے بچوں کی تو زندگیاں ہی جہنم بنا دی گئی ہیں۔ متشدد افغان طالبان کی حکومت میں افغان خواتین کو کس وحشت سے زندہ درگور کردیا گیا ہے، یہ حقیقت تو ساری دنیا پر اظہر من الشمس ہے۔

سندھ طاس معاہدہ اور چین

چین سے ہمیشہ خیر کی خبر آتی ہے۔ تازہ خبر ایک چینی مدبر ڈاکٹر وکرگا کا بیان ہے جس میں انہوں نے وہ نسخہ بیان کیا ہے جس پر عمل کر کے بھارت کو سندھ طاس معاہدے کا پابند بنایا جا سکتا ہے۔ اپنی نوعیت کے اعتبار سے یہ

ڈاکٹر فاروق عادل

بیان غیر معمولی اور ایک اعتبار سے خیالی پلاؤ؟ محسوس ہوتا ہے۔ سبب یہ ہے کہ بھارت بھی اسرائیل کی طرح نہ اقوام متحدہ کے فیصلے تسلیم کرتا ہے اور نہ عالمی عدالتِ انصاف کے فیصلے اس کے لیے کوئی اہمیت رکھتے ہیں۔ بھارت فی الاصل ایک استعماری طاقت ہے جو اپنے حجم اور اپنی طاقت کے زعم میں پڑوسی ریاستوں پر اجارہ داری قائم کرنا چاہتا ہے۔ گزشتہ 80 برس کی تاریخ یہی بتاتی ہے۔ بھارت نے اپنے تمام پڑوسی ممالک کے ساتھ یہی رویہ اختیار کیا ہے۔ نتیجہ یہ نکلا ہے کہ بھارت کا کوئی پڑوسی ملک حتیٰ کہ نیپال بھی اس سے خوش نہیں ہے۔ سائبر کی دہائی میں پاکستان کے فوجی حکمراں ایوب خان اور بھارت کے وزیر اعظم پنڈت جواہر لعل نہرو نے پانی کی تقسیم کے لیے عالمی بینک کی ثالثی میں جو معاہدہ کیا تھا، تاریخ میں اسے غیر معمولی اہمیت حاصل ہے۔ اسے ایک مثالی معاہدہ قرار دیا گیا جس نے پانی کے تنازعات کی وجہ سے دو پڑوسی ملکوں کے درمیان یقینی جنگوں کا راستہ بند کر دیا تھا۔ اس معاہدے کے لیے ایوب خان اور نہرو کی عالمی سطح پر تحسین ہوئی اور ان کی دانش مندی کو سراہا گیا۔ یہ معاہدہ واقعی قابل تحسین تھا لیکن جیسے جیسے وقت گزرتا گیا، بھارت کی نیت بدلتی گئی۔ گزشتہ دو تین دہائیوں میں دنیا نے تسلسل کے ساتھ یہ خبریں سنیں کہ بھارت پاکستان کے حصے میں آنے والے دریاؤں پر آبی منصوبے بنا رہا ہے۔ پاکستان نے متعلقہ عالمی فورموں پر ہمیشہ یہ معاملات اٹھائے۔ یہاں تک کہ ثالثی عدالت نے بھارتی منصوبوں کو معاہدے کے منافی قرار دیا۔ عالمی برادری اور دنیا کے بڑے بڑے آبی ماہرین بھی بھارتی منصوبوں کو نہ صرف غلط بلکہ علاقائی امن کے لیے خطرہ قرار دیتے ہیں۔ اس کے باوجود بھارت کبھی ٹس سے مس نہیں ہوا۔ گزشتہ برس پاکستان کے خلاف چار روزہ جنگ میں بدترین شکست کے بعد بھارت نے سندھ طاس معاہدے کو یک طرفہ طور پر معطل کر دیا تو عالمی برادری نے اسے بھی امن کے خلاف سازش قرار دیا جب کہ ثالثی عدالت نے پاکستان کے موقف کی تائید کی اور واضح کیا کہ بھارت یک طرفہ طور پر معاہدہ منسوخ نہیں کر سکتا اور یہ کہ معاہدے کی شرائط اب بھی موثر ہیں۔ اس کے باوجود بھارت نے اپنی ضد برقرار رکھی اور ثالثی عدالت کا فیصلہ تسلیم کرنے سے انکار کیا۔ یہ تصویر کا ایک پہلو ہے۔ تصویر کا دوسرا پہلو زیادہ ہول ناک ہے اور پریشان کرنے والا ہے جس سے برادر محترم افتخار گیلانی نے اپنی ایک چشم کشا رپورٹ میں پردہ اٹھایا ہے۔ اس ضمن میں گیلانی صاحب نے ایک بنیادی اصول سے آگاہ کیا ہے جو اس سے پہلے میرے علم میں نہیں تھا۔ انھوں نے بتایا ہے کہ پہاڑی علاقوں میں پانی کے ذخائر یعنی گلیشیروں کو محفوظ رکھنے کے لیے بین الاقوامی سطح پر ایک مسلمہ اصول کی پاس داری کی جاتی ہے۔ اس اصول کے تحت میدانی علاقوں کی یہ ذمے داری ہے کہ وہ بالائی علاقوں کی معاونت اور مدد کریں۔ بھارت اس اصول کی پاس داری کرتا ہے لیکن مکمل طور پر نہیں۔ وہ اس اصول کی پاس داری پک اینڈ چوز کی بنیاد پر کرتا ہے۔۔

2025 کی سائنسی تحقیقات!

راک فیلر یونیورسٹی (Rock feller) نے سائنس کی نئی دریافت شدہ جہتوں پر ایک تحقیقی مقالہ جاری کیا ہے۔ دس بارہ ماہ میں مغرب نے جو حیرت انگیز سائنسی تحقیقات کی ہیں، وہ

راؤ منظر حیات

نہ صرف محیر العقول ہیں بلکہ ان میں سے اکثر انسانی سوچ اور صحت کے زاویوں کو تبدیل کر رہی ہیں۔ اس سارے کام کے پیچھے ان گنت سائنسدانوں کی وہ محنت اور لگن ہے جس کا ہمارے جیسے معاشرے تصور تک نہیں کر سکتے۔ دکھ کی بات یہ ہے کہ اس سائنسی سفر میں ایک بھی مسلمان ملک یا سائنسدان شامل نہیں ہے۔

آپ ہر چیز کو چھوڑ دیجیے، اپنے دیس پر نظر ڈالیں۔ گزرے ہوئے ایک برس میں ہم نے کیا کارنامے سرانجام دیئے ہیں؟ طالب علم کی دانست میں معاشرے میں بڑھتی ہوئی بے چینی، ناجائز دولت کمانے کی پاگلوں جیسی ہوس، عام لوگوں کا معاشی استحصال اور ایک دوسرے کے گلے کاٹنے کے سوا کچھ بھی نظر نہیں آتا۔ پورا سماج ایک زہر آلود فضا میں سانس لے رہا ہے۔ جس میں کسی قسم کا سوال پوچھنے پر پابندی ہے۔ ہمارے رویے بھی سائنسی تحقیق کے خلاف ہیں بلکہ یوں عرض کروں گا کہ ہماری اکثریت ماضی کی کہانیوں اور لوریوں کو سننے پر زیادہ توجہ دیتی ہے۔

حال کی بربادی اور مستقبل کی پرچھائی ہمارے ذہن کے ہر فیصلے سے باہر ہے۔ مگر مغرب ایسا نہیں کر رہا۔ وہاں انسان کو ترقی دینے کے لیے ہوش ربا کام چوبیس گھنٹے جاری و ساری ہیں۔ سچ تو یہ ہے کہ سائنس ان کا اوڑھنا بچھونا اور طرز زندگی ہے۔ جیمز ویب ٹیلی اسکوپ کے ذریعے وہ کائناتوں کو بنتے اور ٹوٹتے ہوئے دیکھ رہے ہیں۔ وقت کی قید سے آزاد ہو کر سوچ کے وہ دھارے سامنے لا رہے ہیں۔ جس کا تصور تک ہمارے کم علم معاشرے میں نہیں ہوتا۔ ذرا نظر دوڑائیے کہ سابقہ دس بارہ ماہ میں سائنس کے حوالے سے کیا کیا، نایاب کام سرانجام پایا ہے۔

کینسر ایک ایسا موذی مرض ہے۔ جس کے علاج پر دہائیوں سے کوشش ہو رہی ہے۔ تھوڑے عرصے سے Immunotherapy نے اس کا علاج ممکن بنا دیا ہے۔ ہمارے ملک میں اس Therapy کرنے کے کتنے بین الاقوامی سطح کے اسپتال ہیں، اس پر بات کرنی وقت کا ضیاع ہے۔ مگر اس طرز علاج میں سائنسدانوں نے ایک نکتہ سمجھ نہیں آ رہا تھا کہ چند اقسام کے کینسر اس طرز علاج سے بالکل ٹھیک ہو جاتے ہیں۔ اور کچھ کینسر اس سے بالکل درست نہیں ہو پاتے۔ Thomas Walz نے یہ گرہ کھول کر رکھ دی ہے۔

انھوں نے معلوم کیا کہ T cell receptor کے اندر ایک حد درجہ مشکل کوڈ موجود ہے۔ وہ اس وقت تک متحرک نہیں ہوتا۔ جب تک کوئی 'antigen' اس کے ساتھ ٹکراتی نہیں ہے۔ جیسے ہی 'antigen' ٹی سل کی membrane سے مس ہوتی ہے۔ تو وہ پورا مشکل کوڈ حرکت میں آ جاتا ہے۔ اور اپنا کام شروع کر دیتا ہے۔ اس کا مطلب کیا ہے۔ کینسر کے جدید ترین علاج کو Immunotherapy سے اتنا موثر کر دیا جائے گا کہ شائد چند برسوں بعد اس بیماری کا وجود ہی ختم ہو جائے گا۔ سوچ کر بتائیے۔ کیا ہمارے یا پورے مسلمان ممالک میں اس طرز کی کوئی سائنسی تحقیق نظر سے گزری ہے؟ ذرا آگے بڑھیے۔ انسان کی قوت سماعت کیسے کام کرتی ہے۔ کیا پتہ ہے کہ کئی افراد سننے کی قوت سے آہستہ آہستہ محروم ہو جاتے ہیں۔ اس کی وجوہات معلوم نہیں پڑتیں۔ سننے والی آلہ کان میں لگانے سے کام چلانے کی کوشش کی جاتی ہے۔ James Hudspeth اس پر دو دہائیوں سے کام کر رہا تھا۔ اس نے ایک چھوٹا سا مصنوعی cochlea انسانی جسم سے باہر بنایا۔ پھر تحقیق کی' کہ قوت سماعت کیسے کم ہوتی ہے۔ اس کا کیا علاج ہے۔ عرض کرتا چلوں کہ Cochlea اندرونی کان کا وہ نازک ترین حصہ ہے جو ہر انسان کو سننے کی قوت فراہم کرتا ہے۔ اس نے دریافت کیا کہ انسانی بال کس طرح آنے والی آواز کو بڑھاتے ہیں۔ اور Hair cells کس طرح ساخت بدل کر آواز کو تقویت دیتے ہیں Auditory Biology میں یہ بھی پتہ لگایا Manmal اور کیڑے مکوڑے ایک ہی طرز سے آوازیں سنتے ہیں۔ جیسے Hopf bifurcation کا نام دیا گیا ہے۔ اس ایجاد سے انسان کی قوت سماعت کو بڑھانے کے لیے کسی آلہ کی ضرورت نہیں رہے گی۔ cochlea کے طرز عمل کو تبدیل کیا جا سکے گا۔ (Genes) جنز کی دنیا' محض چند برس پہلے دنیا کے سامنے آئی ہے۔ مگر Dr. Jennifer Doudna Lab نے ایک ایسا کارنامہ انجام دیا ہے کہ لوگ ششدر رہ گئے ہیں۔ لی نے Novel genes کا انکشاف کیا ہے۔ یہ نئی جینز کیسے پیدا ہوتی ہیں اور کس طرح انسان کی صحت کو بہتر کر سکتی ہیں۔ یہ سب کچھ اب ایک منفرد کوڈ کے ذریعے سامنے آ چکا ہے۔ اس سے پہلے' یعنی تقریباً ایک سال قبل ڈی نو وو جینز کا وجود کا علم ہی نہیں تھا۔ سیڑھی نما codon genetic کو کہاں سے توڑنا ہے۔ کونسی بیماری کی جینز کو بچہ پیدا ہونے سے پہلے ہی ختم کر دینا ہے۔ یہ سب تو عملی طور پر ہو رہا تھا۔ مگر Novel genes کا وجود اور ان کو متحرک کرنا کسی کے خواب و خیال میں بھی نہیں تھا۔ عملی دنیا میں یہ تحقیق انسانی بیماریوں کو مکمل طور پر ختم کر دے گی۔ اور اس سے Biology evolutionary کی بنیاد بھی تبدیل ہو جائے گی۔

چہار زنداں

کیا انسان واقعی آزاد ہے؟ یا پھر ہم سب ایسی ان دیکھی زنجیروں اور قید خانوں میں جکڑے ہوئے ہیں جنھیں ہم پہچانتے نہیں۔ یہ ایک چونکا دینے والا ایسا سوال ہے جو صدیوں سے فلسفے اور عمرانیات کے مفکرین کے ذہنوں پر

زمرد نقوی

چھایا رہا ہے۔ دنیا کا ہر شخص یہی سمجھتا ہے کہ وہ اپنے فیصلے خود کر رہا ہے۔ کیا حقیقی آزادی حاصل کی جاسکتی ہے۔

آج ہم نامور مفکر ڈاکٹر علی شریعتی کی شہرہ آفاق کتاب کے بارے میں جانکاری حاصل کریں گے۔ چہار زندان۔ یعنی انسان کے چار قید خانے۔ اس کو سمجھنے کے لیے ایک تمثیل شریعتی اپنی کتاب میں پیش کرتے ہیں۔ فرض کریں ایک پرندہ بڑی جدوجہد کے بعد اپنے پنجرے کا دروازہ کھول لیتا ہے۔ بڑی خوشی سے باہر نکلتا ہے لیکن باہر آکر اس کو احساس ہوتا ہے کہ وہ جس کمرے میں ہے اس کا دروازہ تو بند ہے۔ یعنی ایک اور قید۔ پھر وہ کسی طرح اس کمرے کی کھڑکی توڑ کر نکلتا ہے تو پتہ چلتا ہے کہ پوری عمارت ہی باہر سے مقفل ہے۔ کیا انسانی آزادی کا معاملہ ایسا ہی کچھ نہیں ہے۔ ایک قید سے نکلتے ہیں تو خود کو ایک اور بڑی قید میں پاتے ہیں۔ یہاں پر ایک بنیادی سوال کھڑا ہوتا ہے۔ وہ یہ کہ اس قید خانے میں اصل میں قید کون ہے؟ اور یہاں سے کتاب ایک بہت ہی چونکا دینے والا فرق بیان کرتی ہے۔ جو بشر اور انسان کے درمیان ہے۔ عام بول چال میں ہم بشر اور انسان کو ایک ہی معنے میں استعمال کرتے ہیں۔

فلسفیانہ اعتبار سے اصل میں فرق ہے کیا۔ کتاب کے مطابق بشر سے مراد حیاتیاتی اور طبعی وجود ہے۔ وہ مادی وجود جو بالکل جانوروں کی سطح پر کام کرتا ہے۔ جو پیدا ہوتا ہے۔ جس کی کچھ بنیادی جبلتیں ہیں۔ یعنی بھوک، پیاس، نیند۔ جو کھاتا پیتا ہے افزائش نسل کرتا ہے اور بالآخر مر جاتا ہے۔ افسوس صد افسوس۔ یہ وجود پوری طرح حیاتیاتی تقاضوں کا غلام ہے۔ لیکن دوسری طرف انسان ایک ارتقائی اور باشعور بامقصد ہستی کا نام ہے۔ یعنی شریعتی اس بات پر زور دیتے ہیں کہ ہر بشر انسان نہیں ہوتا۔ جی ہاں بشر سے انسان بننے کا ایک طویل اور کٹھن سفر ہے۔ جو مسلسل شعور اور جدوجہد سے طے ہوتا ہے۔ گویا ہم سب دنیا میں بشر کے طور پر وارد تو ہوتے ہیں لیکن انسان بننا ایک شعوری انتخاب ہے۔ ایک منزل ہے جسے حاصل کرنا پڑتا ہے۔

کتاب میں ان تین الہامی صفات کا تفصیلی ذکر ہے۔ جو انسان کو ایک ممتاز حیثیت عطا کرتا ہے۔ وہ تین عظیم صفات خود آگہی۔ ارادہ آزاد اور صلاحیت تخلیق ہے۔ اگر ہم پہلی صفت خود آگاہی کی بات کریں تو اس کا مطلب ہے اپنے وجود اپنی خامیوں، خوبیوں اور اس کائنات کا وسیع شعور۔ خود آگاہی کا مطلب یہ ہوا کہ ہم صرف زندہ نہیں ہیں بلکہ ہم جانتے ہیں کہ ہم زندہ ہیں۔ اور یہ ایک بہت بڑا فرق ہے۔ دوسری صفت جو ہے وہ ارادہ آزاد۔ اس سے مراد اپنی جبلت کے خلاف فیصلہ کرنے کی طاقت ہے۔ انسان وہ واحد معلوم مخلوق ہے جو اپنی طبعی جبلت کے خلاف فیصلہ کر سکتی ہے۔ مثال کے طور پر ایک بھوکا سامنے پڑی خوراک کو کھانے سے خود کو نہیں روک سکتا۔ کیونکہ وہ تو جبلت کا غلام ہے۔ لیکن ایک انسان اپنی بھوک کے باوجود اپنا کھانا کسی اور کو دے سکتا ہے۔ یا کسی نظریے کی خاطر کئی دن تک فاقہ کر سکتا ہے۔

تیسری سب سے اہم صفت ہے صلاحیت تخلیق۔ جو چیزیں یا حالات قدرت نے بظاہر فراہم نہیں کیے انسان اپنے علم و ہنر سے انھیں خود وجود میں لا سکتا ہے۔ جی بالکل یعنی شہر بنانا۔ آرٹ سائنس یہ سب تخلیق ہی تو ہیں۔ یہاں اس نکتے پر ایک ایسی الجھن ہے کہ اگر انسان کے پاس انتخاب کی اتنی زبردست آزادی ہے اور نئی چیزیں تخلیق کرنے کی اتنی غیر معمولی طاقت موجود ہے تو پھر تاریخ میں جبریت کا فلسفہ اتنا مقبول کیوں رہا وہاں الیکشن نہیں جیت سکے اور اب مسلم لیگ ن نے آزاد کشمیر الیکشن کے لیے اپنے امیدوار نامزد کر دیے ہیں جب کہ پیپلز پارٹی نے آزاد کشمیر میں جوائنٹ ایکشن کمیٹی کو کالعدم کر دیا۔ کالعدم کمیٹی نے آزاد کشمیر میں جولائی میں انتخابات کرانے کی مخالفت کی ہے۔ وفاق میں برسر اقتدار مسلم لیگ (ن) نہیں چاہے گی کہ جولائی کے الیکشن ملتوی ہو جائیں کیونکہ جولائی میں الیکشن میں مسلم لیگ (ن) کو اپنی کامیابی اور پیپلز پارٹی کو اپنی واضح شکست نظر آ رہی ہے کیونکہ آزاد کشمیر الیکشن میں پیپلز پارٹی کو وہ خوش گوار حالات میسر نہیں جو (ن) لیگ کی سیاسی کمزوری سے پی پی کو جی بی میں میسر آئے تھے۔ پیپلز پارٹی کو یہ موقعہ حاصل ہے کہ ملک کا صدر ان کا اپنا

حکومت پر پیپلز پارٹی کا بڑھتا دباؤ

تجزیہ کاروں کے مطابق پیپلز پارٹی حکومت پر دباؤ؟ بڑھا رہی ہے جب کہ قومی اسمبلی میں بلاول بھٹو کی تقریر سوائے انتخابی مہم کے کچھ نہیں ہے۔ سابق وزیر اطلاعات محمد علی درانی نے تو قومی اسمبلی میں (ن) لیگ اور پیپلز پارٹی کو جنم جنم کا ساتھی قرار دیا ہے، جب کہ جنم جنم کے ایک ساتھی کا دوسرے ساتھی کے ساتھ یہ رویہ قطعی

محمد سعید آرائیں

طور نہیں ہوتا جو عام انتخابات سے ڈھائی سال قبل ہی پیپلز پارٹی نے اختیار کر رکھا ہے اور اسی رویے کی وجہ سے پیپلز پارٹی نے جی بی میں اپنا وزیر اعلیٰ منتخب کرا لیا ہے اور اب بلاول بھٹو کی تیاری جولائی میں آزاد کشمیر کے الیکشن میں کامیابی حاصل کرنا ہے، جس کے لیے وہ عملی طور حالات بہتر ہوتے ہی آزاد کشمیر جا کر اپنی انتخابی مہم کا آغاز کریں گے جہاں چند ماہ قبل ہی پیپلز پارٹی نے اپنا وزیر اعظم (ن) لیگ کی حمایت سے منتخب کرایا تھا جس سے پی پی کو انتخابی مہم میں سرکاری پروٹوکول اور سرکاری مراعات بھی میسر آئیں گی۔ گلگت بلتستان میں (ن) لیگی قیادت کی کوششوں کے باوجود وہ وہاں الیکشن نہیں جیت سکے اور اب مسلم لیگ ن نے آزاد کشمیر الیکشن کے لیے اپنے امیدوار نامزد کر دیے ہیں جب کہ پیپلز پارٹی نے آزاد کشمیر میں جوائنٹ ایکشن کمیٹی کو کالعدم کر دیا۔ کالعدم کمیٹی نے آزاد کشمیر میں جولائی میں انتخابات کرانے کی مخالفت کی ہے۔ وفاق میں برسر اقتدار مسلم لیگ (ن) نہیں چاہے گی کہ جولائی کے الیکشن ملتوی ہو جائیں کیونکہ جولائی میں الیکشن میں مسلم لیگ (ن) کو اپنی کامیابی اور پیپلز پارٹی کو اپنی واضح شکست نظر آ رہی ہے کیونکہ آزاد کشمیر الیکشن میں پیپلز پارٹی کو وہ خوش گوار حالات میسر نہیں جو (ن) لیگ کی سیاسی کمزوری سے پی پی کو جی بی میں میسر آئے تھے۔ پیپلز پارٹی کو یہ موقعہ حاصل ہے کہ ملک کا صدر ان کا اپنا شریک چیئرمین ہے۔ پیپلز پارٹی کے پاس پی پی چیئرمین بلاول بھٹو اور خاتون اول آصفہ زرداری جیسی قد آور شخصیات موجود ہیں جب کہ ذاتی اقتدار کے بغیر میاں نواز شریف کا انتخابی مہم چلانا مشکل دکھائی دیتا ہے جب کہ مسلم لیگ ن کی دیگر قیادت نے جی بی الیکشن میں دلچسپی ہی نہیں لی تھی مگر اب آزاد کشمیر میں تو جی بی جیسی صورت حال نہیں اور مسلم لیگی قیادت آزاد کشمیر جا کر انتخابی جلسے کر سکتی ہے۔ مسلم لیگ ن کی قیادت انتخابی جلسوں میں عوام کو متاثر کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے اور وہ اس وقت حکمران بھی ہے۔ بلاول بھٹو اور آصفہ بھٹو کی سندھ، بلوچستان، جی بی اور آزاد کشمیر میں حکومتیں ہیں جو وفاقی حکومت پر حاوی ہیں۔ اس لیے بلاول بھٹو نے (ن) لیگی حکومت پر دباؤ؟ بڑھانے کی پالیسی پر کامیابی سے عمل شروع کر رکھا ہے اور کبھی کبھی یوں لگتا ہے کہ جیسے بلاول بھٹو کی تقاریر وفاقی حکومت کے خلاف انتخابی مہم کی شکل اختیار کرتی جا رہی ہیں اور پیپلز پارٹی مزید ڈھائی سال انتظار کرنے کے موڈ میں نہیں اور اس نے وفاق پر دباؤ؟ بڑھا دیا ہے۔ بلاول بھٹو جی بی اور قومی

☆ نمبر 1

ڈوڈیک اور یخہ پر پروگرام جنوری اور مختلف زبانوں کا کوئس بعد پیشکش پلیٹ فارم پر پیش کیا جائے گا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ پاکستان کی افرادی قوت یا صلاحیت ہے، بین الاقوامی معیارکی تعلیم و تربیت کی ضرورت ہے، ہمارے نوجوان محنتی ہیں اور ہم ان کی صلاحیتوں کو بروئے کار لانے کے لیے ہر ممکن اقدام اٹھا رہے ہیں۔ وزیر اعظم نے ہدایت کی کہ پاکستانی سفارتخانے بیرون ملک ہنر مند روزگار کے مواقع سے آگاہی اور دنیا کی فراہمی کیلئے اقدامات تیز کریں۔ چیئرمین پلیٹ فارم نے کہا کہ پاکستانی نوجوانوں کو بین الاقوامی معیار کے مطابق تربیت دی جائے گی۔ وزیر اعظم نے خاتم کے لیے متعدد اہم فیصلوں کی منظوری دی گئی۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ پاکستان کے جو اجرت چیک پوسٹ کھوڑی خیال کرنے کا بھی فیصلہ کیا گیا جہاں تمام معاملہ قانون نافذ کرنے والے ادارے مشترکہ طور پر انہی شاہراہ زیادہ ایریاں اجوہر میں خاتمے کے ساتھ دہشت گردوں کی حرکت کو متوجہ انداز میں روکا جائے اور عوام کو محفوظ ماحول فراہم کیا جائے۔ وزیر اعظم بلوچستان کے بعد ازکہ بینکنگ سے متعلق پاکستان کے مالیاتی نظام کے مسیر روزگار کے مواقع اور ان کیلئے اور ہمارے فرائے والتھین سے دلی ہمدردی اور اظہار افسوس کرتے ہوئے ہدایت کی شہداء۔ کے خاندانوں اور متاثرین کو مالی معاونت اور سرکاری معاوضوں کی ادائیگی کیلئے آئندہ دو روز کے اندر مراحل مکمل کیا جائے گا۔ کنٹرول خاندانوں کی فوری دادی سی کنٹن کیلئے جائیں گے اجلاس میں پرامن احتجاج کرنے والے شہریوں کے تحفظات کا بھی جائزہ لیا گیا۔ وزیر اعظم نے ہدایت کی کہ پرامن احتجاج کرنے والے شہریوں کے تحفظات کا بھی جائزہ لیا گیا۔ وزیر اعظم نے ہدایت کی کہ پرامن احتجاج کرنے والے شہریوں کے تحفظات کا بھی جائزہ لیا گیا کہ پاکستان کے نوجوان قوم سرد سیاسی جماعتوں سے مایوس ہو چکے ہیں قوم سرد سیاسی جماعتوں نے اپنے اقتدار کے دوران عوام کی خدمت کی بجائے اپنے مفادات حاصل کیے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی دو اور سیاسی جماعت ہے کہ عوام نے اسے سائل کیلئے ایک تھیلے اور قدامات اٹھائے ہیں بلوچستان میں تقسیم سوینی حکومت عوام کے مسائل حل کرنے کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے۔ انہوں نے کہا کہ معاشرے میں روں سائل ریلوے ساختہ میں کی آئی ہے، ریلوے میں قوم کیلئے لاہور کشمش کے ذریعے تمام وسائل بروئے کار لائے۔ انہوں نے کہا کہ معاشرے کی 4 5 دسال کے دوران تقریباً 4 ہزار ارب روپے کا ریلوے کا نقصان ہوا ہے اور عوام کی ایک بڑی تعداد قربانی کا شکار ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریلوے کا نقصان سے مستقبل بہتری ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریلوے کا نقصان سے ختم ہونے والے ساتھیوں کو پیپلز پارٹی کی حیدر بلوچ بھٹو زرداری صدر مملکت آصف علی صدر پاکستان پیپلز پارٹی کی قیادت پر اعتماد کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کی قیادت پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے پیپلز پارٹی میں شمولیت کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کیا۔ تقریب سے طارق مرزہ، وفاقی وزیر انفارمیشن ٹیکنالوجی، عبدالقادر بلوچ، وزیر اعلیٰ بلوچستان، شیر احمد بنگلزئی، ملک سیاد بنگلزئی، صیب بنگلزئی، شیر احمد بنگلزئی، ملک سیاد بنگلزئی، ایمیر بنگلزئی، ایمیر بنگلزئی، سنجر بنگلزئی، ایمیر بنگلزئی، ابراہیم خورد بنگلزئی، سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان، ابراہیم خورد بنگلزئی کی سیاست جمعہ عوامی جدوجہد، بلوچستان کی ترقی و خوشحالی کیلئے پیپلز پارٹی کی خدمات کا تذکرہ کیا گیا۔ تقریر میں بلوچستان کی سیاست میں پیپلز پارٹی کی قیادت کی جدوجہد کو سراہا گیا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کے حقوق کی سیاست کرتے ہیں اور